Mufti Muhammad Taqi Usmani

From:	<akram ufiyaanhu <akramufiyaanhu@gmail.com
Sent:	Thursday, October 20, 2016 6:50 PM
To:	muhammad_taqi@cyber.net.pk
Subject:	جھینگے کے بارے میں □ضرت کا موقف

السلام علیکم و رحمت اللہ

ہمارے یہاں آجکل بعض علماء حضرت شیخ الاسلام کی طرف نسبت کرتے ہوئے یہ فتوی دے رہے ہیں کے جھینگا کھانہ قطعا حرام ہےاور حضرت مفتی تقی عثمانی دامت فیوضہ نے کراہت کے قول سے رجوع فرما لیا جبکہ حضرت والا کا مشہور موقف کراہت کا ہے ہمارا شہر سمندر کنارہ پر واقع ہے اور یہاں مسلمان کثرت سے جھینگا کھانے کے عادی ہیں۔ اور ایک برادری تو ایسی ہے جو روزانہ اسکو سالن میں استعمال کرتی ہے اس لئے یہ نہایت اہم مسئلہ ہے اس لئے حضرت والا سے مؤدبانہ عاجزانہ گزارش ہے کہ حق کو واضح فرما دیں۔

اہم گزارش "خدام حضرات سے درخواست ہے کہ یہ ای میل حضرت کی خدمت میں ضرور پیش کیا جائے کیوں کہ یہ حرمت کا مسئلہ ہے ۔ بندہ آپ حضرات کا تا دم حیات ممنون رہے گا"جزاکم اللہ فقط

باسمہ سبحانہ

مکرمی! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں نے جھینگے کے بارے میں حرام ہونے کا کوئی فتویٰ نہیں دیا، نہ مکروہ ہونے کے قول سے رجوع کیا ہے۔

والسلام

[signature]

۸-۲-۳۸ھ